# 08-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بھوپالا پلی میں کہا کہ بی آر ایس پارٹی کے قائدین میونسپل انتخابات میں اپنی ساکھ کو بچانے کیلئے جھوٹے بیانات دے رہے ہیں۔

۲۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود اور ریاست کی ترقی کانگریس کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔

۳۔بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت عوام سے کیئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔

اور

۴۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ ریاستی فارنسک سائنس لیاب میں پیش آنے والے آتشزدگی کے واقعہ کو ایک حادثہ سمجھ کر اس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

Bhatti Vikramarka - Khammam

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ کھمم ضلع کے ویرا میونسپلٹی میں انتخابی مہم چلائی۔ اس موقع پر انتخابی ریالی سے نائب وزیراعلیٰ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سابقہ بی آر ایس کے دس سالہ حکومت میں غریبوں کو مکانات اور مکان بنانے کیلئے اراضیات اور راشن کارڈ بھی فراہم نہیں کیئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس عوام کی ترقی کیلئے کام کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی آر ایس سے قبل اقتدار میں رہنے والی کانگریس پارٹی ریاست کے کئی دیہاتوں میں اندراماں مکانات اور اندراماں کالونیوں کو تعمیر کرچکی ہے۔ اب کانگریس کے دور میں ہی

پر جا پالنا کی حکومت میں ہر دیہات میں مستحق افراد کو اندراماں مکانات منظور کیے جا رہے ہیں اور مستحق خاندانوں کو راشن کارڈ بھی دیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود اور ریاست کی ترقی کانگریس کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔

Sound Byte Bhatti

Bandi Sanjay Karimnagar

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کریم نگر ضلع کے چوپا دنڈی میں انتخابی مہم چلائی۔ اِس موقع پر انہوں نے الزام لگایا کہ یونسپل انتخابات میں کانگریس پارٹی کو ووٹ دینے پر کانگریس ٹیکسوں میں اضافہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان انتخابات میں بی جے پی امیدواروں کو کامیابی بنانے پر وہ دہلی سے فنڈ لاتے ہوئے علاقہ کو ترقی دیں گے۔ انہوں نے کانگریس اور بی آر ایس پر موقع پرست سیاست کرنے کا بھی الزام لگایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی جے پی کے ذریعہ ہی ترقی ممکن ہے۔

BJP Ramchander Rao Bhadradri kothagudem

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے بھدرادری کوتہ گوڑم میں منعقد کیے گئے ایک جلسہ سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں میونسپلٹی اور کارپوریشن کے انتخابات میں بی جے پی کو عوام کی اچھی تائید حاصل ہو رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی آر ایس اور کانگریس خفیہ طور پر ایک دوسرے کا تعاون کرتے ہوئے اپنے غلطیوں اور بدعنوانیوں پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد کے ناملی میں واقع ریاستی فارنسک سائنس لیاب میں پیش آنے والے آتشزدگی کے واقعہ کو ایک حادثہ سمجھ کر اس کو چھوڑا نہیں جا سکتا۔ ریاست میں

پیش آنے والے مختلف مقدمات کے ہارڈ ڈسک پین ڈرائیو، ڈی این اے رپورٹس، وائس سیمپل، ڈیجیٹل ایویڈینس وہاں پر موجود تھے اور یہ آتشزدگی کا واقعہ کئی شک وشبہات کو پیدا کرتا ہے۔

Sound Byte Ramchander Rao

Seethakka - Bhuvanagiri

ریاستی وزیر سیتا اکا نے آج بھونگیر میونسپلٹی میں انتخابی ریالی سے خطاب کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ میونسپالٹیوں کی ترقی عوامی حکومت کے ذریعہ ہی ممکن ہے۔ انہوں نے عوامی خدمت انجام دینے والے امیدواروں کو انتخابات میں کامیاب بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انتخابات میں برسر اقتدار جماعت کے امیدواروں کو کامیاب بنانے پر بلدی وارڈوں کو ہر طرح سے ترقی دینے کے امکانات پائے جاتے ہیں۔ سابقہ بی آر ایس کی حکومت میں شہروں کی ترقی کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کی حکومت میں پینے کا پانی بھی مناسب طریقہ سے سربراہ نہیں کیا گیا۔ سیتا اکا نے کہا کہ ضلع میں پینے کے پانی کے مسئلہ کے مستقل حل کیلئے 210 کروڑ روپے منظور کئے گئے۔

Sircilla - G Ram G Scheme

مرکزی حکومت کی جانب سے مزدوروں کیلئے متعارف کروائے گئے وکست بھارت جی رام جی اسکیم پر راجنا سرسلہ ضلع سے تعلق رکھنے والے ایک مزدور الم راجیشم نے خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ سابق میں مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار اسکیم کے تحت ایک سو دن کا کام فراہم کیا جاتا تھا جبکہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت وکست بھارت جی رام جی اسکیم متعارف کرواتے ہوئے ایک سو پچیس دن کام فراہم کر رہی ہے جو ایک خوشی کی بات ہے۔

انہوں نے آکاش وانی سے بات کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

Sound Byte Alam Rajesham

Shikha Goyal

نامپلی میں واقع فارنسک لیاب ایف سی ایل میں پیش آنے والے آگ لگنے کے واقعہ پر بعض افراد جھوٹی تشہیر کررہے ہیں۔ اِن خیالات کا اظہار ادارہ کی ڈائرکٹر شیکھا گوئل نے کیا۔انہوں نے حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کل صبح پیش آنے والے آتشزدگی کے واقعہ میں ایف سی ایل لیاب ٹریننگ ہال کے علاوہ لائبریری، ایچ آر ڈی کے روم تک آگ پھیل گئی تھی جبکہ محکمہ فائر بریگیڈ کے عملہ نے وہاں پہنچ کر آگ پر قابو پالیا۔سوشل میڈیا میں آنے والے جھوٹےتشہیری بیانات پر یقین نہ کرنے عوام پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ آتشزدگی کے وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے تحقیقات جاری ہیں۔

Sound Byte Shikha Goyal

CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے میونسپل انتخابات کی مہم کے ضمن میں بھوپالاپلی ضلع کے چلوپر گاؤں میں پرجاپالنا پرگتی باٹا کے جلسہ سے خطاب کیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ بی آر ایس پارٹی کے قائدین میونسپل انتخابات میں اپنی ساکھ کو بچانے کیلئے جھوٹے بیانات دے رہے ہیں۔ضلع کومنسوخ کرنے کے سلسلہ میں دئے جانے والے بیانات پر یقین نہ کرنے عوام پر زور دیا۔ انہوں نے کانگریس پارٹی کے امیدواروں کو کامیاب بنانے عوام سے اپیل کی۔

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے وقار آباد ضلع کے اندول اور جوگی پیلا میونسپلٹی انتخابات کیلئے انتخابی مہم چلائی۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ تمام طبقات کی فلاح و بہبود اور ریاست کی ترقی کے مقصد کے تحت عوامی حکومت آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے کئے گئے وعدوں کے مطابق خواتین گروپوں کو بلاسودی قرض فراہم کئے جارہے ہیں اور روزگار کے مواقع بھی فراہم کئے جارہے ہیں۔ حکومت سرکاری ملازمین کی بھرتی کیلئے اقدامات کررہی ہے۔ غریبوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور اینٹی گریٹیڈ اسکولوں کے قیام کے ذریعہ تمام طبقات کے طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے میونسپلٹی کے انتخابات میں عوامی مسائل کے حل کیلئے حکومت کے ساتھ کام کروانے والے امیدواروں کو کامیاب بنانے پر زور دیا۔

Sajnar Awards Distributed

خدمات کی انجام دہی میں پوری ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینے والے 1,446 پولیس عملہ کو حیدرآباد کے پولیس کمشنر سجنار نے ایوارڈ سے نوازا۔ شہر کے پولیس کی تاریخ میں پہلی بار متعارف کروائے گئے۔ ایکسٹرا مائل ایوارڈ۔ کے ساتھ۔ گڈ ورک ڈن۔ ایوارڈوں سے نوازا گیا۔ اس موقع پر حیدرآباد کے پولیس کمشنر سجنار نے بات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی ملازمت صرف ایک پیشہ ہی نہیں بلکہ ایک سماجی ذمہ داری ہے۔

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے میونسپل انتخابات کے موقع پر آج وقار آباد ضلع کے تانڈور میں ایک روڈ شو منعقد کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ میں سابقہ بی آر ایس کے دور حکومت میں تمام طبقات کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف اسکیموں کو روبہ عمل لایا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دو سال قبل اقتدار میں آنے والی کانگریس حکومت عوام سے کئے گئے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس کی حکومت وظیفہ یاب رعیّتو بندو فراہم نہیں کررہی ہے اور یوریا کی فراہمی میں بھی ناکام ہوگئی ہے اور کے سی آر کٹ اسکیم پر بھی عمل نہیں کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کانگریس کو ووٹ دے کر دوبارہ دھوکہ نہ کھانے عوام سے اپیل کی۔

Vivek Venkataswamy Siddipet

ریاستی وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے آج سدی پیٹ ضلع کے دوباکہ میونسپلٹی کے حدود میں میونسپل انتخابات کیلئے انتخابی مہم چلائی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کے دور حکومت میں دوباکہ کی ترقی کو نظر انداز کردیا گیا تھا۔ کانگریس حکومت اقتدار پر آنے کے بعد غریبوں کو باریک چاول، راشن کارڈ اور ڈبل بیڈروم مکانات کے پٹہ جات کو تقسیم کی ہے۔ انہوں نے دوباکہ میونسپلٹی کے بیس وارڈوں میں کانگریس امیدواروں کو کامیاب بنانے پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے نمائندگی کے ذریعہ ریونیو ڈویژن کے قیام کیلئے کوشش کرنے کا تیقن دیا۔

○○